ٹاون میونسپل کارپوریشن لیاقت آباد سینٹرل۔ کراچی

شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کا لیاقت آباد میٹرنٹی ہوم و ڈسپنسری کا دورہ

ڈسپنسری میں فراہم کی جانے والی ادویات اور طبی سہولیات کا جائزہ

ڈسپنسری کی انتظامیہ اور اسٹاف اپنی ڈیوٹی ذمہ داری اور ایمانداری سے سرانجام دیں: فراز حسیب

مورخہ: 20 نومبر 2024

کراچی (   ) چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کا ڈاکخانہ لیاقت آباد میٹرنٹی ہوم و ڈسپنسری کا دورہ، اس موقع پر کوآرڈینیٹر صغیر احمد انصاری، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن لیاقت حسین، دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیئرمین فراز حسیب نے میٹرنٹی ہوم اور ڈسپنسری میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولتوں کا معائنہ کیا۔ چیئرمین فراز حسیب نے کہا کہ عوام کو بہتر سے بہتر سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے ڈسپنسری کی انتظامیہ اور بالخصوص چوکیداروں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی ڈیوٹی ذمہ داری اور ایمانداری سے سرانجام دیں۔ چیئرمین فراز حسیب نے ڈسپنسری میں موجود فرنیچر اور کمروں کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ جو کمرے خستہ حال ہیں ان کو فوری طور پر تعمیر کرکے ان کو درست کیا جائے۔

جاری کردہ

فہیم مصطفیٰ

انفارمیشن آفیسر

لیاقت آباد ٹاؤن